## محنت کشوں کو جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کرنا ہوگی، الطاف حسین
## محنت کشوں کے عالمی دن یوم مئی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔30، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ محنت کش طبقہ کے مسائل کا حل فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے میں ہے اور اس فرسودہ نظام کے خاتمے اور اپنے حقوق کے حصول کے لئے محنت کشوں کو آگے آنا ہوگا اور عملی جدوجہد کرنا ہوگی۔ محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یومِ مئی ظلم و جبر کے خلاف عزم کا دن ہے اور یہ دن شگاگو کے ان محنت کشوں کی لازوال قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے جنہوں نے اپنے حقوق کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے تو دے کر دنیا بھر کے محنت کشوں کو حقوق کے حصول کی راہ دکھادی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے بعد بدقسمتی سے جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ نہ ہوسکا جس کے باعث ہاری، کسان، مزدور اور محنت کش طبقہ اپنے جائز اور بنیادی حقوق سے محروم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے ہی فرسودہ نظام کے خاتمے اور غریب و محنت کش طبقے کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس کی جدوجہد کا ہی نتیجہ ہے کہ آج جاگیرداروں اور وڈیروں کے درمیان 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے افراد اسمبلیوں میں حقوق کی آواز بلند کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ محنت کش طبقہ کو اپنے حقوق کے حصول اور مسائل کے حل کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے متحد ہوکر جدوجہد کرنا ہوگی اور اس کیلئے قربانیاں دینی ہونگی اور فرسودہ نظام کے خاتمے کے بغیر محنت کش طبقہ کو اس کے تمام بنیادی حقوق حاصل نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت کو بھی چاہیئے کہ وہ محنت کش طبقہ کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دے۔

## ایم کیوایم کے شہید چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کو الطاف حسین کا خراج عقیدت

لندن۔۔۔30، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کو انکی برسی پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت ایم کیوایم ایک دن ضرور اپنی منزل پر پہنچے گی۔ عظیم احمد طارق شہید کی 15 ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک میں ہزاروں شہداء نے اپنے خون کے نذرانے دیئے ہیں اور ان میں چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کا لہو بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیگی اور حقوق کے حصول تک اپنی حق پرستانہ جدوجہد جاری رکھے گی۔

## حکومت میں پیپلز پارٹی کے ساتھ ایم کیوایم کی شمولیت سے سندھ اور پاکستان ترقی وخوش حالی اور امن واستحکام کے حوالے سے نئے دور میں داخل ہوگا۔ ڈاکٹر فاروق ستار
## نائن زیرو پر ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد کی مبارکباد پیش کرنے کیلئے آنیوالے کارکنوں سے بات چیت

کراچی۔۔۔30/ اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ حکومت میں پیپلز پارٹی کے ساتھ متحدہ قومی موومنٹ کی شرکت وشمولیت سے سندھ اور پاکستان ترقی وخوش حالی اور امن واستحکام کے حوالے سے نئے دور میں داخل ہوگا۔ وہ بدھ کے روز ایم کیوایم کے مرکز اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان اتحاد کی مبارکباد پیش کرنے کیلئے آنیوالے کارکنوں اور ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے بھی تمام کارکنوں کو مذاکرات کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ملک اور جمہوریت کے استحکام اور سندھ کے عظیم تر مفاد میں حکومت میں پیپلز پارٹی کے ساتھ شامل ہونے کا فیصلہ کیا ہے اور اب انشاءاللہ ملک بھر میں امن واستحکام کے قیام، انتہاء پسندی اور مہنگائی کے خاتمہ، آبی ذخائر کی تعمیر، صوبائی خودمختاری اور صوبائی مالیاتی امور کیلئے دونوں جماعتیں ملکر جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے ساتھ سندھ حکومت میں شمولیت اختیار کرنے کے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق جناب الطاف حسین نے کردی ہے، جمعہ کو حق پرست وزراء حلف اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ہم سندھ کے حقوق عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے

## ایم کیوایم نے آزاد کشمیر میں زلزلے کے موقع پر جو خدمات انجام دیں وہ نا قابل فراموش ہیں، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی

## مظفر آباد میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے اراکین اسمبلی سے وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

مظفر آباد۔۔۔30، اپریل 2008ء

وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں آنے والے زلزلے کے موقع پر ایم کیوایم نے متاثرین کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں۔انہوں نے یہ بات آج آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین اسمبلی طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے وزیر اعظم سے اسپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ملاقات کے موقع پر ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کو آزاد کشمیر میں زلزلے سے متاثرہ عوام کی مشکلات اور آزاد کشمیر میں آنیوالے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔طاہر کھوکھر نے وزیر اعظم کو ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کے بارے میں رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی کتاب ''ایم کیوایم اور آزاد کشمیر میں زلزلے کی تباہ کاریاں'' بھی پیش کی۔اس موقع پر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے زلزلے کے موقع پر جو خدمات سرانجام دیں وہ نا قابل فراموش ہیں۔طاہر کھوکھر نے وزیر اعظم کو 6 مارچ کو اسمبلی اجلاس میں ان پر ہونے والے تشدد کے واقعہ سے بھی آگاہ کیا جس پر انہوں نے وفاقی وزیر برائے امور کشمیر قمر الزماں کائرہ اور انسپکٹر جنرل آزاد کشمیر کو ہدایت کی کہ اس واقعہ میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔انہوں نے اس واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ جمہوری اداروں کے اندر اس قسم کے واقعات جمہوریت کیلئے نقصان دہ ہوتے ہیں۔

## آزاد کشمیر اسمبلی اور کشمیر کونسل کے مشترکہ اجلاس میں ایم کیوایم کے شہید کارکنان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی

مظفر آباد۔۔۔30، اپریل 2008ء

آزاد کشمیر اسمبلی اور کشمیر کونسل کے مشترکہ اجلاس میں کراچی کے علاقے لانڈھی میں مسلح حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان شیخ مقبول اور عبد الرزاق سمیت 9 اپریل کو شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔یہ فاتحہ ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کے نکتہ اعتراض پر کروائی گئی۔فاتحہ خوانی کے موقع پر وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر امور کشمیر قمر الزماں کائرہ، صدر اور وزیر اعظم آزاد کشمیر بھی موجود تھے۔

## جسقم کے رہنماء عبدالواحد آریسر نے عبدالستار پیروانی کے انتقال پر ڈاکٹر فاروق ستار سے گھر جاکر تعزیت کی

کراچی۔۔۔30، اپریل 2008ء

جسقم کے رہنماء عبدالواحد آریسر نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار نور محمد پیروانی کے انتقال پر پی آئی بی کالونی میں انکی رہائشگاہ جاکر ڈاکٹر فاروق ستار سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر جسقم کے سینئر وائس چیئر مین سرائی قربان کھاوڑ، فنانس سیکریٹری سرمد میرانی بھی موجود تھے۔عبدالواحد آریسر نے عبدالستار نور محمد پیروانی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔دریں اثنا نوائے وقت اور دی نیشن کے چیف ایڈیٹر اور وقت ٹی وی کے چیئر مین مجید نظامی نے بھی ڈاکٹر فاروق ستار کے والد عبدالستار پیروانی کے انتقال پر گھر جاکر تعزیت کی اس موقع پر ان کے ہمراہ پریس سیکریٹری ذوالفقار اور نوائے وقت کراچی کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر سعید خاور، نیشن کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر جاوید محمود اسد ابن احسن اور ڈاکٹر حمید الزماں ضیعم بھی موجود تھے۔مجید نظامی نے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ اور محمود آباد سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن رانا غلام رسول کلمتی بلوچ کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ اور ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 2 کے کارکن محمد علی کی والدہ محترمہ شمیم بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔دریں اثناء محترمہ فاطمہ مرحومہ کو نورانی بستی چکرا گوٹھ کورنگی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ رحمانیہ مسجد چکرا گوٹھ کورنگی نمبر 1 میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن، حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈووکیٹ، سابق رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین، کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆